© rasailojaraid.com

کتاب : الهدايه مع نصب الرايه

ترتیب وتحشیہ نصب الرایہ : مولانا منظور احمد تونسوی

ناشر : مکتبہ شرکتِ علمیہ بوہڑ گیٹ ملتان

---

علمی دنیا میں کون ایسا شخص ہوگا جو کہ ہدایہ کے نام سے ناواقف ہو یہ عظیم اور علمی شاہکار کتاب فقہ حنفی کے متعلق بنیادی معلومات فراہم کرتی ہے۔ اسی عظمت کے باعث سالہا سال سے یہ کتاب مدارس میں متداول اور مدرس چلی آ رہی ہے یہی وجہ ہے کہ ابھی تک اس کے متعلق بے شمار شروح مختلف زبانوں میں مختصراً اور مطولاً لکھی جاچکی ہے اس کے مولف شیخ الاسلام برہان الدین علی بن ابی بکر المرغینانی نے اس کی تالیف پر تیرہ سال صرف کئے۔ اور فقہ حنفی کے مطابق مسائل شرعیہ کو دلائل نقلیہ وعقلیہ کے ساتھ ایسے مبرھن کئے جس کی نظیر اگر ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ متدلاتِ حنفیہ میں جو احادیث صاحبِ ھدایہ نے ذکر کی ہیں۔ ان کی تخریج پر علامہ جمال الدین زیلعیؒ نے ایک معرکۃ الاراء کتاب بعنوان نصب الرایہ فی تخریج احادیث الھدایہ لکھی۔ جو کہ اکثر شائع شدہ ھدایہ کے نسخوں میں حاشیہ پر موجود ہے مگر ان اشاعتوں میں ایک نقص یہ تھا کہ یہ احادیث متن کے مطابق اسی صفحے پر نہ ہونے کے باعث اس کا مطالعہ میں دشواری پیش آتی۔ زیر تبصرہ اشاعت میں مکتبہ شرکت علمیہ ملتان نے تصحیح اغلاط کے ساتھ ساتھ اس کی ترتیب وتحشیہ میں یہ التزام کیا ہے کہ ہر صفحہ کے حواشی اور متعلقہ احادیث کی تخریج اس صفحہ پر رہے تاکہ دورانِ مطالعہ یابوقت تدریس کوئی دقت پیش نہ آئے۔ اس طرح کتاب کی ابتدا میں وقیع مقدمہ نصب الرایہ لگادیا گیا ہے جس سے کتاب کی افادیت میں مزید ہوا ہے۔

بلاشبہ یہ انتہائی دقت طلب کام ہے۔ جس کی سعادت کا سہرہ قاسم العلوم ملتان کے مفتی مولانا منظور احمد تونسوی کے سر ہے۔ اللہ تعالیٰ ادارہ اور مفتی صاحب کو اجر جزیل سے نوازے۔ جنھوں نے اس اہم ضرورت کی طرف توجہ دے کر وقت کے تقاضے کو پورا کیا اور ہم امید کرتے ہیں کہ اس کی باقی جلدیں بھی اسی طرح اسی آب وتاب کے ساتھ آجائیں گی۔ آخر میں راقم کا ایک حقیر مشورہ یہ ہے کہ اگر یہ احادیث ذرا صاف اور جلی حروف میں آجائیں تو اس سے نہ صرف پڑھنے میں آسانی ہوگی بلکہ کتاب کا حسن بھی دوبالا ہوگا۔

© rasailojaraid.com